کتب خانہ سرکار

Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۷ شوال المکرم ۱۳۵۸ھ مطابق ۹ دسمبر ۱۹۳۹ء جلد ۵۲

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

۱	انتظام بسلسلہ ڈسچارج لفٹنٹ سرور حسن خاں	۲
۲	منظوری نقشہ تعطیلات ریاست رامپور بابت سال ۱۹۴۰ء	۳و۴
۳	ممانعت بابت شکار شیر و گلدار	۴
۴	منظوری ترمیم تاریخ اشاعت نفاذ اصلاحات بسلسلہ تشکیل جدید مجلس وضع قوانین بذریعہ گزٹ غیر معمولی یکم جنوری ۱۹۴۰ء	"
۵	رخصت عبداللہ آرمیچر صیغہ روشنی برقی	"
۶	رخصت منشی عبدالجبار خاں اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ آڈٹ	۴و۵
۷	متفرق احکام اجلاس ہمایوں	۵و۶

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- واقع ۵ دسمبر سنہ ۱۹۳۹ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بحکم ۳۰ نومبر سنہ ۱۹۳۹ء لفٹننٹ سرور حسن خاں کو اسٹاف سے فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں بحیثیت ریزرو آفیسر تبدیل کیا گیا ہے۔ انکو فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں تبادلہ سے انکار ہے۔ یہ امر نہایت نامناسب ہے کہ افسران اسٹاف فوج میں تبادلہ سے گریز کریں۔ لہذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں:-

(۱) لفٹننٹ سرور حسن خاں کو ملازمت سے ڈسچارج کیا جاتا ہے۔

(۲) سکنڈ لفٹننٹ محمد حسن خورشید ایڈی سی کو فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں بحیثیت "ریزرو آفیسر" برینک موجودہ تبدیل کیا جاتا ہے۔

(۳) کپتان منظور حسن خاں۔ کمانڈنٹ فورٹ کو ایڈی سیز میں تبدیل کیا جاتا ہے۔

(۴) صوبہ دار عبد الحمید خاں سیکنڈ رامپور مرتضی انفنٹری کو بجائے رینک "سیکنڈ لفٹننٹ" کمانڈنٹ فورٹ مقرر کیا جاتا ہے۔ "سکنڈ لفٹننٹ" رینک کی تنخواہ ملے گی۔

(۵) جمعدار اشفاق حسین خاں کو تھرڈ رامپور رفعت انفنٹری سے بجائے عبد الحمید خاں سیکنڈ رامپور مرتضی انفنٹری میں بعہدۂ رینک صوبہ دار تبدیل کیا جاتا ہے۔ صوبہ دار رینک کی تنخواہ ملے گی۔

(۶) تھرڈ رامپور رفعت انفنٹری میں جمعدار اشفاق حسین خاں کی جگہ تخفیف کیجاتی ہے

(۷) بسلسلۂ انتظام تبادلہ سرور حسن خاں حسب روبکار مصدرہ ۳۰ نومبر سنہ ۱۹۳۹ء بجٹ میں جو بچت ہوئی تھی وہ انتظام مندرجہ بالا سے پوری ہوتی ہے۔ بجٹ پر کوئی بار نہیں ہوتا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلق احکام ضابطہ جاری ہوں آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

حکم:- واقع ۵ دسمبر سنہ ۱۹۳۹ء

عرضداشت جناب پرائیوٹ سکرٹری بہادر بابت صدور حکم منظوری نقشہ تعطیلات برائے سنہ ۱۹۴۰ء مرتبہ میر منشی صاحب اجلاس ہمایوں (صدر)

پیش ہوکر ملاحظہ ہوئی۔ تعطیلات حسب مندرجہ نقشہ کی بابت سنہ ۱۹۴۰ء منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ متعلق احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نقشہ تعطیلات ریاست رامپور بابتہ سال سنہ ۱۹۴۰ء

(۱) تعطیلات مندرجہ ذیل جملہ محکمجات ریاست کے منظور فرمائی گئی ہیں۔

(۲) چندر گرہن جس شب کو ہو بروز آئندہ اور سورج گرہن جبکہ ہو اُس روز تعطیل رہیگی۔

(۳) علاوہ تعطیلات مندرجہ ذیل ہفتہ وار تعطیل روز جمعہ ہفتہ وار ہوا کریگی۔

(۴) تعطیلات مندرجہ ذیل میں بغیر ضرورت ملکی میں اجازت کی ضرورت نہ ہوگی لیکن کوئی ملازم بغیر اجازت افسر اپنے ہیڈ کوارٹر کو نہیں چھوڑ سکتا۔

(۵) تعطیلات پر ہمیشہ کار سرکار مقدم متصور ہوگا۔

(۶) رویت ہلال کے مقدم و موخر ہونے پر تعطیل میں ترمیم ہوسکیگی۔

(۷) ماہ رمضان المبارک میں جملہ دفاتر و مدارس، عدالتوں کے آخری

حصہ اوقات مکاتب میں ایک گھنٹہ کی تخفیف رہے گی۔ — دستخط میر منشی صاحب اجلاس ہمایوں (صدر)

نمبر شمار	نام تعطیل	تاریخ ہجری	تاریخ عیسوی	تاریخ سنہ سمت بکرمی	دن	تعداد ایام	کیفیت
۱	نیوایرس ڈے (نوروز)	۱۰ر ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۷ھ	یکم جنوری سنہ ۱۹۳۹ء	پوس بدی گیارس سنہ ۱۹۹۵ بکرمی	دوشنبہ	۱	
۲	یوم مبارک حج	۹ر ذی الحجہ	۳۰ر جنوری	پوس سدی دسمی	شنبہ	۱	
۳	عید الضحیٰ	۱۰ر لغایت ۱۲ر ذی الحجہ	۳۱ر لغایت ۲ر جنوری	پوس سدی اکادشی لغایت ترادشی	سہ شنبہ لغایت پنجشنبہ	۳	
۴	عید غدیر	۱۸ر ذی الحجہ	۸ر جنوری	ماگھ بدی پنچمی	دوشنبہ	۱	
۵	محرم الحرام	یکم لغایت ۱۲ر محرم ۱۳۵۸ھ	۲۱ر لغایت ۳ر فروری	ماگھ سدی دوج لغایت تراودشی	شنبہ لغایت چہارشنبہ	۱۲	تعطیل بسنت پنچمی شامل ہے
۶	شیوراتری	۲۹ر محرم الحرام	۱۹ر مارچ سنہ ۱۹۳۹ء	پھاگن بدی چودس	پنجشنبہ	۱	
۷	نوروز شمسی	۱۰ر صفر	۲۱ر مارچ	پھاگن سدی دوادشی	پنجشنبہ	۱	
۸	ہولی	۱۳ر و ۱۴ر صفر	۳ر و ۴ر مارچ	پھاگن سدی پورنماشی لغایت چیت بدی پڑوا	شنبہ و یکشنبہ	۲	
۹	چہلم شہدائے کربلا	۲۰ر صفر	۱۲ر مارچ	چیت بدی ستمی	سہ شنبہ	۱	
۱۰	بارہ وفات شریف	۱۲ر ربیع الاول	۲ر اپریل	چیت سدی چترادشی	یکشنبہ	۱	
۱۱	ولادت حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم	۱۷ر ربیع الاول	۷ر اپریل	بیساکھ بدی پنچمی سنہ ۱۹۹۶ب	جمعہ	۱	
۱۲	سالگرہ ملک معظم قیصر ہند	۲۵ر ربیع الثانی	۱۳ر جون	جیٹھ بدی اشٹمی	پنجشنبہ	۱	
۱۳	سلونو	[illegible]	۲ر اگست سنہ ۱۹۳۹ء	ساون سدی پورنماشی	سہ شنبہ	۱	
۱۴	ولادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام	۱۳ر رجب	۲۹ر اگست سنہ ۱۹۳۹ء	بھادوں بدی پڑوا	یکشنبہ	۱	
۱۵	جنم اشٹمی	۲۰ر رجب	۵ر اگست	بھادوں بدی اشٹمی	یکشنبہ	۱	
۱۶	یوم بعثت	۲۷ر رجب	یکم ستمبر سنہ ۱۹۳۹ء	بھادوں بدی چودس	یکشنبہ	۱	
۱۷	اننت چودس	۱۳ر شعبان	۲۶ر ستمبر سنہ ۱۹۳۹ء	بھادوں سدی چودس	یکشنبہ	۱	
۱۸	شب برات	۱۴ر شعبان	۲۷ر ستمبر سنہ ۱۹۳۹ء	کنوار بدی پڑوا	سہ شنبہ	۱	
۱۹	ولادت صاحب الامر علیہ السلام	۱۵ر شعبان	۲۸ر ستمبر سنہ ۱۹۳۹ء	کنوار بدی دوج	چہارشنبہ	۱	
۲۰	درگا اشٹمی	۵ر رمضان	۲۰ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۹ء	کنوار سدی اشٹمی	سہ شنبہ	۱	
۲۱	دسہرہ	۷ر رمضان	۲۲ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۹ء	کنوار سدی دسمی	پنجشنبہ	۱	
۲۲	شہادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام	۲۰ر لغایت ۲۱ر رمضان	۳ر لغایت ۴ر اکتوبر	کاتک بدی پنچمی لغایت ستمی	سہ شنبہ لغایت پنجشنبہ	۳	
۲۳	دیوالی	۲۸ر و ۲۹ر رمضان	۱۱ر و ۱۲ر اکتوبر	کاتک بدی اماوس لغایت سدی پڑوا	چہارشنبہ و پنجشنبہ	۲	
۲۴	عید الفطر	یکم لغایت ۳ر شوال	۱۲ر لغایت ۱۶ر نومبر	کاتک سدی تیج لغایت پنچمی	شنبہ لغایت دوشنبہ	۳	
۲۵	گنگا اشنان	۱۴ر شوال	۲۶ر نومبر سنہ ۱۹۳۹ء	کاتک سدی پورنماشی	پنجشنبہ	۱	
۲۶	سالگرہ ولادت باسعادت علیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	۱۹ر شوال	۳۰ر نومبر سنہ ۱۹۳۹ء	اگہن بدی دوج	یکشنبہ	۱	
۲۷	سالگرہ رشتہ ازدواج [illegible]	۲۱ر شوال	[illegible]	اگہن بدی ستمی	جمعہ	۱	
۲۸	سالگرہ ولادت [illegible] بیگم صاحبہ [illegible]	۲ر ذیقعدہ	۱۴ر دسمبر سنہ ۱۹۳۹ء	اگہن سدی اکادشی	سہ شنبہ	۱	
۲۹	یوم کلان	۱۵ر و ۱۶ر ذیقعدہ	۲۷ر و ۲۸ر دسمبر سنہ ۱۹۳۹ء	پوس سدی اکادشی و دوادشی	چہارشنبہ و پنجشنبہ	۲	
۳۰	کرسمس ڈے	یکم ذی الحجہ	۲۵ر دسمبر سنہ ۱۹۳۹ء	پوس سدی پنچمی	سہ شنبہ	۱	

روبکار:- واقع ۵ر دسمبر سنہ ۱۹۳۹ء

ابد دولت واقبال شیر اور گلدار کا شکار کھیلیں گے لہذا حدود ریاست میں شیر اور گلدار کے شکار کی ممانعت کی جاتی ہے صیغہ پولیس مال اور جنگلات سے نگرانی کا خاص طور پر انتظام کیا جائے اور حکم ہذا کی سختی کے ساتھ تعمیل کیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- واقع ۵ر دسمبر سنہ ۱۹۳۹ء

ابد دولت واقبال نے بموقع دربار سالگرہ ہمایوں اپنی تقریر مطبوعہ گزٹ ۲۵ر نومبر سنہ ۳۹ء میں اعلان کیا تھا کہ بسلسلہ تشکیل جدید مجلس واضع قوانین ۱۱ر دسمبر کو غیر معمولی گزٹ سرکاری میں ان اصلاحات کا نفاذ کیا جائے گا اب اعلان کیا جاتا ہے کہ ان اصلاحات کا نفاذ یکم جنوری سنہ ۱۹۴۰ء کو غیر معمولی گزٹ میں کیا جائے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع ۵ر دسمبر سنہ ۱۹۳۹ء

مزکیہ عرضداشت صاحب سکریٹری جنابا اسٹیٹ کونسل باستدعائے صدور حکم منظوری مزید رخصت تین ہفتہ باوسط سالم تنخواہ مطلوبہ مسمی عبد اللہ آرمیچر صیغہ روشنی برقی مشاہرہ دار پچاس روپیہ از ۱۲ر نومبر سنہ ۱۹۳۹ء بسلسلۂ سابقہ بوجہ بقائے علالت نامبردہ حسب تحقیقات مصدقہ صیغہ فائنانس۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ عبد اللہ آرمیچر کی مزید رخصت تین ہفتہ از ۱۲ نومبر سنہ ۱۹۳۹ء باوسط سالم تنخواہ بسلسلۂ سابقہ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع ۵ر دسمبر سنہ ۱۹۳۹ء

مزکیہ عرضداشت صاحب فائنانس سکریٹری بہادر باستدعائے صدور حکم منظوری رخصت باوسط سالم تنخواہ دس یوم مطلوبہ منشی عبد الکبیر خاں سینیر سپرنٹنڈنٹ آڈٹ مشاہرہ دار ایک سو پچاس روپیہ ماہوار از یوم استفادہ بغرض روانگی لکھنؤ

بضرورت علاج خود بدیں صراحت کہ
انکا کام سینیر سپرنٹنڈنٹ فائنانس
آفس زمانہ رخصت میں انجام دیں گے

حکم

بموجب رپورٹ منشی عبدالکبیر خاں سینیر سپرنٹنڈنٹ
آفس کی رخصت دس یوم باوسط سالم تنخواہ
یوم استفادہ سے منظور ہے۔ انکا کام سینیر
سپرنٹنڈنٹ فائنانس آفس انجام دیں گے
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم
واقع ۵ دسمبر ۱۹۲۹ء

مزاینہ عرضداشت صاحب سکریٹری
بہادر انہار بابتہ عطائے صدور حکم منظوری
عطائے مبلغ چار روپیہ بہ منشی
رنگی لال الہد صیغۂ انہار بابتہ الاؤنس
دیکہ اوس یوم بحساب تین روپیہ
ماہوار حسب اتفاق صیغۂ فائنانس
بصلۂ کارکردگی بجائے منشی نظیر احمد خاں
منصرم اسٹور و گہاٹ رخصتی ایک ماہ
دس یوم بوضع کل تنخواہ از ۲۵ ستمبر ۱۹۲۹ء

حکم

بموجب رپورٹ - الاؤنس کارکردگی دیئے
جانے کی منظوری دی جاتی ہے - سررشتہ
صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم
واقع ۵ دسمبر ۱۹۲۹ء

بموجب رپورٹ قواعد سفر خرچ میں ترمیم
حسب مسودہ فلیگ (الف) منظور ہے
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں
دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — جناب عالی — میرساند

ضمیمہ ۳ - قواعد سفر خرچ میں تحصیلدار صاحبان
کے لئے یہ رعایت رکھی گئی ہے کہ جب وہ ہیڈکوارٹر
سے پانچ میل سے زیادہ بکار سرکار ۲۴ گھنٹے
یا اس سے زائد قیام کریں تو سواری الاؤنس کے
علاوہ یومیہ بہتہ بھی پائیں گے -
عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز ہے
کہ چونکہ بضرورت معائنہ وغیرہ اسسٹنٹ منیجران
(نائب تحصیلداران) کو کافی دورہ کرنا پڑتا ہے
اسلئے اسسٹنٹ منیجران کو بھی جب کہ ہیڈکوارٹر
سے زائد از پانچ میل بکار سرکار ۲۴ گھنٹے
یا اس سے زائد قیام کریں تو مثل تحصیلدار صاحبان
کے سواری الاؤنس کے علاوہ یومیہ بہتہ
بھی دیا جائے -
کونسل نے جلسۂ منعقدہ ۲۲ اکتوبر ۱۹۲۹ء
میں تجویز مذکورہ بالا سے اتفاق کیا اور طے پایا کہ
برائے منظوری بحضور پرنور عرض کیا جائے -
صیغۂ فائنانس سے بلحاظ تجویز مذکورہ

صدر قواعد میں ترمیم کا مسودہ (ضمیمہ الف)
مرتب کر کے شامل کیا گیا ہے اور صدور حکم کے
لئے کاغذات بھیجے ہیں جو ذریعہ عرضداشت
حضور انور میں پیش ہیں ترقیخواہ مستدعی
ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری
شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب. دولت
جاوید باد

ضمیمہ
دستخط سکریٹری صاحب بہادر اسٹیٹ کونسل
مورخہ ۵ دسمبر ۱۹۳۹ء

ترمیم قواعد سفر خرچ
ریاست رامپور

قواعد سفر خرچ ضمیمہ ۳ تحت محکمہ مال
سطر اول میں الفاظ "تحصیلداران"
اور "نائب تحصیلداران" کے درمیان الفاظ
"اسسٹنٹ منیجران" ایزاد کئے جائیں
اور سطر ہفتم میں الفاظ "البتہ تحصیلدار
صاحبان" کے بعد الفاظ "اسسٹنٹ منیجر
صاحبان" ایزاد کئے جائیں۔

حکم :- واقع ۷ دسمبر ۱۹۳۹ء
مزید عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر
اسٹیٹ کونسل مع تحریر عالیجناب صاحب
ہوم منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم
معافی قصور و عطائے اجازت ملازمت
بروقت خلوت آسامی مسمی علی حسین خاں
ملازم سابق محافظ خانہ صدر برخاست شدہ۔

حکم

بموجب رپورٹ علی حسین خاں برخاست شدہ
محافظ خانہ صدر کو علاوہ صدر اور محافظ خانجات کے
ملازمت کی اجازت دی جاتی ہے سررشتہ صدر
سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :- واقع ۷ دسمبر ۱۹۳۹ء
مزید عرضداشت صاحب پرائیویٹ
سکریٹری بہادر بر طبق تحریر میر منشی صاحب
اجلاس ہمایوں (صدر) باستدعائے
صدور حکم تنسیخ رخصت باوسط سالم تنخواہ
ایک ماہ منشی محمد اختر محافظ دفتر دیوانی
(منظور شدہ از تاریخ استفادہ بحکم
۱۴ اگست ۱۹۳۹ء) بوجہ عدم استفادہ

حکم

بموجب رپورٹ محافظ دفتر دیوانی کی رخصت منظور
شدہ منسوخ کی جانا منظور ہے سررشتہ صدر
سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم